NY 529 *Direct Plan*
اکاؤنٹ کیسے کھولیں

2

کالج کے لیے بچت کرنے کے بہت سارے طریقے ہیں۔ NYC Kids RISE ہر فیملی کو اپنے لیے بہترین اختیار منتخب کرنے کی ترغیب دیتا ہے۔ **nyckidsrise.org/options** ملاحظہ کریں یا کالج کے لیے بچتوں کے اختیارات کے بارے میں مزید معلومات کے لیے کالج کے لیے بچت پروگرام (Save for College Program) کی ورکشاپ میں جائیں۔

آپ کی فیملی کے لیے دستیاب کالج کے لیے بچتوں کا ایک اختیار **New York's 529 College Savings Program *Direct Plan*** ہے۔

529 اکاؤنٹ ایک قسم کا اکاؤنٹ ہے جو صریحی طور پر کالج اور کیریئر کی تربیت کے لیے بچت کرنے میں فیملیز کی مدد کے لیے بنایا گیا ہے۔

529 اکاؤنٹ میں موجود پیسہ وقت کے ساتھ بڑھ سکتا ہے اور اس کے ساتھ ٹیکس کے فوائد ہوتے ہیں، جس میں ٹیکس فری کمائیاں[1] اور امکانی ریاستی انکم ٹیکس والی کٹوتیاں شامل ہیں۔

تاہم، 529 اکاؤنٹ میں موجود پیسہ بڑھنے کی ضمانت نہیں ہے اور اس کی مالیت گھٹ بھی سکتی ہے۔

آپ کو چاہیے کہ 529 اکاؤنٹ کے افشاء کا مواد پڑھ کر اپنی امکانی سرمایہ کاری کی خصوصیات اور خطرات کو سمجھ لیں۔

NY 529 *Direct Plan* یا اندراج کے عمل کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، **nysaves.org** ملاحظہ کریں یا **877-NYSAVES (877-697-2837)** پر کال کریں۔

NY 529 *Direct Plan* اکاؤنٹ کھولنے اور مربوط کرنے کے لیے آپ کو درکار چیزیں:

- آپ کے NYC Kids RISE سیونگز ٹریکر (Savings Tracker) کا صارف نام اور پاس ورڈ[2]
- آپ کا اپنا سوشل سیکورٹی نمبر (Social Security Number, SSN) یا انفرادی ٹیکس دہندہ کا شناختی نمبر (Individual Taxpayer Identification Number, ITIN)
- آپ کے بچے کا SSN یا ITIN
- آپ اور آپ کے بچے کا گھر کا پتہ
- آپ کا ای میل پتہ
- آپ اور آپ کے بچے کی تاریخ پیدائش
- **تجویز کردہ:** کسی ایسے فرد کا نام اور تاریخ پیدائش جسے آپ اپنی وفات کی صورت میں اکاؤنٹ کا مالک بنانا چاہتے ہیں

NY 529 *Direct Plan* کے بارے میں تفصیلی معلومات NY 529 *Direct Plan* کے افشاء سے متعلق کتابچہ اور ٹیوشن کے لیے بچت معاہدے (Disclosure Booklet and Tuition Savings Agreement)، یا افشاء سے متعلق کتابچہ "(Disclosure Booklet)" میں دستیاب ہیں۔

- آپ یہ دستاویز **nysaves.org** پر ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔
- یہ دستاویز سرمایہ کاری کے مقاصد، خطرات، چارجز، اخراجات اور دیگر معلومات پر مشتمل ہے۔ آپ کو چاہیے کہ سرمایہ لگانے سے پہلے اچھی طرح اسے پڑھیں اور اس پر غور کریں۔
- اگر آپ NY 529 *Direct Plan* کے پاس اکاؤنٹ کھولتے ہیں تو آپ سے یہ تصدیق کرنے کو کہا جائے گا کہ اپنا اکاؤنٹ کھولنے سے قبل آپ کو افشاء سے متعلق کتابچہ موصول ہو گیا ہے۔

نوٹ: NYC Kids RISE کا NY کے 529 کالج کے لیے بچت پروگرام سے کوئی الحاق نہیں ہے اور یہ سرمایہ کاری کا مشورہ فراہم نہیں کرتا ہے۔ NYC Kids RISE آپ یا آپ کی فیملی کے لیے NY 529 *Direct Plan* کی موزونیت کے سلسلے میں کوئی تجویز پیش نہیں کرتا ہے۔ NYC Kids RISE آپ کو صرف تب آگے کارروائی کرنے کی ترغیب دیتا ہے جب آپ نے یہ تعین کر لیا ہو کہ NY 529 *Direct Plan* کا آپ اور آپ کی فیملی کے لیے مطلب بنتا ہے۔ NY 529 *Direct Plan* کے بارے میں مزید معلومات کے لیے **nysaves.org** ملاحظہ کریں اور افشاء سے متعلق کتابچہ ڈاؤن لوڈ کریں، یا **877-NYSAVES (877-697-2837)** پر کال کریں۔

[1] غیر اہل قرار یافتہ نکاسیوں پر ہونے والی کمائی وفاقی انکم ٹیکس اور 10% وفاقی انکم ٹیکس، نیز ریاستی اور مقامی انکم ٹیکس کی مستوجب ہو سکتی ہے۔ ٹیکس اور دیگر فوائد دیگر تقاضوں کو پورا کرنے پر ناگہانی ہوتے ہیں اور مخصوص نکاسیاں وفاقی، ریاستی اور مقامی ٹیکسوں کے ساتھ مشروط ہو سکتی ہیں۔

[2] اپنے بچے کا NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ دیکھنے کے لیے صارف نام اور پاس ورڈ بنانے سے متعلق معلومات کے لیے، **nyckidsrise.org/register** ملاحظہ کریں

NYC KiDS RiSE™

کلیدی اصطلاحات:

Account Owner ***(اکاؤنٹ مالک)*** وہ فرد ہے جو اس کالج کے لیے بچت اکاؤنٹ کا مالک ہوگا اور اس بارے میں فیصلے کرے گا۔ اکاؤنٹ مالک بننے کے لیے، آپ لازماً امریکی شہری یا قانونی مکین پردیسی ہوں اور آپ کا اسٹریٹ کا پتہ ہو۔ ایک اکاؤنٹ کا صرف ایک ہی اکاؤنٹ مالک ہو سکتا ہے۔ یہ والدین، سرپرست، دادا دادی، یا دیگر بالغ فرد ہو سکتے ہیں۔

Successor Account Owner ***(جانشین اکاؤنٹ مالک)*** وہ فرد ہوتا ہے جسے اکاؤنٹ مالک کی وفات ہو جانے کی صورت میں اکاؤنٹ مالک NY 529 اکاؤنٹ کی ملکیت لینے اور اسے کنٹرول کرنے کے لیے نامزد کرتا ہے۔

Beneficiary ***(استفادہ کنندہ)*** وہ بچہ ہوتا ہے جس کے لیے آپ بچت کر رہے ہیں اور جو اکاؤنٹ میں موجود پیسہ اپنی تعلیم کے لیے استعمال کر سکتا ہے۔ آپ کا شرکت کنندہ بچہ اپنے NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ کا استفادہ کنندہ ہے۔

- اس NY 529 *Direct Plan* اکاؤنٹ کو NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ (NYC Scholarship Account) سے مربوط کرنے کے لیے، دونوں اکاؤنٹ پر استفادہ کنندہ کے بطور وہی بچہ درج ہونا ضروری ہے۔ آپ کو اس اکاؤنٹ کے استفادہ کنندہ کے لیے سوشل سیکورٹی نمبر یا ٹیکس دہندہ کا شناختی نمبر اور اسٹریٹ کا پتہ فراہم کرنا ہوگا۔

Ugift ایک آسان، مفت استعمال کی خدمت ہے جو 529 پلان اکاؤنٹ کے مالکان کو فیملی اور دوستوں کو روایتی تحائف کے بدلے، کالج کے لیے بچت کے تحفے کی مدد سے بچے کے سنگ میل کا جشن منانے کی سہولت دیتا ہے۔ اکاؤنٹ مالکوں کو ہر استفادہ کنندہ/طالب علم کے لیے ایک منفرد Ugift کوڈ موصول ہوتا ہے، جو دوسروں کے ساتھ شیئر کیا جا سکتا ہے اور یہاں **Ugift529.com** پر زر تعاون ادا کرنے کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ Ugift میں مرسلہ تحفے کے تمام زر تعاون کو طالب علم کے 529 پلان اکاؤنٹ میں لگایا جاتا ہے اور وہ صرف اہل قرار یافتہ کالج اور کالج سے متعلق اخراجات کے لیے استعمال کرنے کے ارادے سے ہوتے ہیں (ان قوانین کے مطابق جو 529 پلان کے اثاثوں کا استعمال منضبط کرتے ہیں)۔

اگر آپ نے ایک نیا *NY 529 Direct Plan* اکاؤنٹ کھولنے اور مربوط کرنے کا فیصلہ کر لیا ہے یا کسی موجودہ اکاؤنٹ کو مربوط کرنا چاہتے ہیں تو ذیل کے اقدامات پر عمل کریں۔

NY 529 Direct Plan اکاؤنٹ کھولنے اور مربوط کرنے کا طریقہ:

1. اپنے کمپیوٹر یا موبائل فون پر **nyckidsrise.org** ملاحظہ کریں۔ اسکرین کے اوپری دائیں کونے میں پیلے رنگ کے **پھر سے لاگ ان کریں** بٹن پر کلک کریں۔
2. نیچے اسکرول کریں اور **پھر سے لاگ ان کریں** بٹن پر کلک کریں اور پھر **Continue** ***(جاری رکھیں)*** پر کلک کریں۔
3. اپنے بچے کا NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ فعال کرنے اور دیکھنے کے وقت آپ نے جو ای میل اور پاس ورڈ بنایا تھا اسے درج کریں اور **لاگ ان کریں بٹن پر** کلک کریں۔
4. سیونگز ٹریکر میں آپ کے لاگ ان کر دینے پر، صفحہ نیچے اسکرول کریں اور نارنجی رنگ کے **529 اکاؤنٹ بنائیں/مربوط کریں بٹن پر** کلک کریں۔
5. پاپ اپ پیغام پڑھیں اور اگر اور جب آپ جاری رکھنے کو تیار ہوں تو **OK (اوکے)** پر کلک کریں۔
6. **اپنے NY529 اکاؤنٹ سے مربوط کریں۔**

کوئی موجودہ NY 529 اکاؤنٹ مربوط کرنے کے لیے:

- اگر آپ کے پاس پہلے سے ایک NY 529 *Direct Plan* اکاؤنٹ ہے نیز آپ کا شرکت کنندہ بچہ استفادہ کنندہ کے بطور درج ہے تو آپ اس اکاؤنٹ کو اپنے بچے کے NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ سے مربوط کر سکتے ہیں۔
- اس کام کے لیے، ***Enroll Now (ابھی اندراج کریں)* پر *کلک نہ کریں*۔** اس کی بجائے، اپنا nysaves.org **کا صارف نام** "Sign in" (سائن ان کریں) کے تحت پُر کریں۔
- آپ سائن ان کر لینے پر، نظر انداز کر کے اس رہنما کے مرحلہ 23 پر جائیں۔

نیا NY 529 اکاؤنٹ کھولنے اور اسے مربوط کرنے کے لیے:

- لاگ ان صفحہ کے نچلے حصے کی طرف باکس میں **Enroll Now** ***(ابھی اندراج کریں)*** پر کلک کریں۔
- اس رہنما کے مرحلہ 7 پر جائیں۔

7. ***Account Owner (اکاؤنٹ مالک)*** کے لیے معلومات، بشمول نام، فون نمبر اور ای میل پتہ درج کریں۔ اپنے اکاؤنٹ کے لیے ایک پاس ورڈ بھی بنائیں۔ پھر **Get Started (شروع کریں)** پر کلک کریں۔

8. منتخب کریں کہ آپ نے *NY 529 Direct Plan* کے بارے میں کیسے سنا اور ***Continue Enrollment (اندراج جاری رکھیں)*** پر کلک کریں۔

9. ***Account Owner (اکاؤنٹ مالک)*** کا پتہ درج کریں اور ***Continue (جاری رکھیں)*** کو دبائیں۔ اس اقدام اور دیگر اقدامات پر مزید معلومات کے لیے اسکرین کے نچلے دائیں طرف ***Tips (تجاویز)*** بٹن پر کلک کریں۔

10. ***Account Owner (اکاؤنٹ مالک)*** کا سوشل سیکورٹی نمبر یا انفرادی ٹیکس دہندہ کا شناختی نمبر، تاریخ پیدائش اور شہریت کی حیثیت درج کریں۔

- NY 529 سے اکاؤنٹ کھولنے والے ہر فرد کو شناخت کرنے کے لیے یہ معلومات طلب کرنے کا تقاضا کیا جاتا ہے۔ اگر آپ یہ معلومات فراہم نہیں کرتے ہیں تو وہ آپ کا اکاؤنٹ نہیں کھول پائیں گے۔
- نوٹ کر لیں کہ شہریت کے تحت اختیارات امریکی شہری یا مکین پردیسی ہیں۔ *NY 529 Direct Plan* کے زیر استعمال مکین پردیسی کی تعریف IRS کی تعریف ہے۔
- IRS آپ کو ٹیکس کے مقاصد سے امریکہ کا مکین پردیسی مانتا ہے اگر آپ تقویمی سال (1 جنوری تا 31 دسمبر) کے لیے یا تو گرین کارڈ ٹیسٹ یا ٹھوس موجودگی کا ٹیسٹ پورا کرتے ہیں۔ مزید معلومات کے لیے، براہ کرم HRA کی ویب سائٹ https://www.irs.gov/individuals/international-taxpayers/determining-an-individuals-tax-residency-status ملاحظہ کریں۔ اگر آپ کے پاس یہ معلومات نہیں ہیں تو یاد رکھیں کہ فیملی اور دوست آپ کے بچے کے لیے اکاؤنٹ کھول سکتے ہیں۔ مزید معلومات کے لیے NYC Kids RISE سے رابطہ کریں۔

11. ***Beneficiary (استفادہ کنندہ)*** سے متعلق فیصلہ کریں اور درخواست کردہ معلومات پُر کریں۔ پھر ***Continue (جاری رکھیں)*** کو دبائیں۔

12. ***Successor Account Owner (جانشین اکاؤنٹ مالک)*** سے متعلق فیصلہ کریں اور اس فرد کا نام اور تاریخ پیدائش پُر کریں۔ پھر **Continue (جاری رکھیں)** کو دبائیں۔

- اکاؤنٹ میں جانشین کا اضافہ کرنا اختیاری ہے، لیکن ترغیب دی جاتی ہے۔

13. اپنی سرمایہ کاری کی حکمت عملی منتخب کریں۔

- دو اختیارات، **Age-Based (عمر پر مبنی)** یا **Custom Portfolio (حسب ضرورت پورٹفولیو)** پر، ہر ایک کے بارے میں مزید معلومات کے لیے کلک کریں۔
- **اگر آپ Age-Based (عمر پر مبنی) کو منتخب کرتے ہیں تو آپ خطرے کی تین سطحوں میں سے منتخب کر سکتے ہیں:** Aggressive, Moderate, or Conservative (جارح، معتدل، یا دقیانوسی)۔
- مزید معلومات کے لیے خطرے کی ہر سطح پر کلک کریں۔ یہ جاننے کے لیے کہ آپ کس قسم کے سرمایہ کار ہیں، "Conservative" (دقیانوسی) کے نیچے **مزید جانیں** بٹن پر کلک کریں۔
- اگر آپ حسب ضرورت پورٹفولیو منتخب کرتے ہیں تو آپ کل 100% کا اضافہ کرنے کے لیے سرمایہ کاریوں کا قدرے مشترک منتخب کریں گے۔ عمر پر مبنی اختیار کے برخلاف، یہ قدرے مشترک بچے کی عمر بڑھنے کے ساتھ تبدیل نہیں ہوگا۔ وقت گزرنے پر یہ جوں کا توں رہے گا۔ مزید معلومات کے لیے ہر پورٹفولیو کے آگے نیلے رنگ کے بٹن پر کلک کریں۔
- مزید معلومات کے لیے، nysaves.org پر جائیں اور اس پر کلک کریں **Which investments should I choose? (مجھے کون سی سرمایہ کاری منتخب کرنی چاہیے؟)**
- سرمایہ کاری کے اختیارات کے بارے میں تفصیلی معلومات افشاء سے متعلق کتابچہ میں بھی دستیاب ہیں۔ سرمایہ کاری کے اختیارات کے بیچ انتخاب کرنے سے متعلق مزید معلومات کے لیے، آپ NY 529 کو 877-697-2837 پر کال کر سکتے ہیں۔ آپ ٹیکس یا مالی مشیر سے بھی بات کر سکتے ہیں۔

نوٹ: NYC Kids RISE سرمایہ کاری کے دستیاب متعدد اختیارات یا اس بارے میں کوئی رہنمائی پیش نہیں کر سکتا ہے کہ آپ کے لیے کون مناسب ہو سکتا ہے۔

14. سرمایہ کاری کا اختیار یا اختیارات آپ کے منتخب کر لینے پر، **Continue (جاری رکھیں)** پر کلک کریں۔

15. **منتخب کریں کہ آپ اپنا اکاؤنٹ کس طرح تلاش کرنا پسند کریں گے:**

Deposit from a Bank Account (بینک اکاؤنٹ سے ڈپازٹ کریں): آپ چیکنگ یا سیونگ اکاؤنٹ سے ابتدائی ڈپازٹ کرنے کا انتخاب کر سکتے ہیں۔

Payroll Deduction (پے رول والی کٹوتی): اگر آپ کا آجر اس کا تعاون کرتا ہے تو آپ ادائیگی کی ہر مدت میں اپنی ادائیگی کے چیک سے ایک مخصوص رقم نکلوانے اور اپنے NY 529 اکاؤنٹ میں ڈپازٹ کرانے کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ اپنے آجر سے پوچھیں کہ آیا وہ اس اختیار کا تعاون کرتے ہیں۔

By Check (بذریعہ چیک): اگر آپ اپنے اکاؤنٹ میں چیک سے ڈپازٹ کروانے کو ترجیح دیتے ہیں تو آپ اس کارروائی کے آخر میں موجود ایک فارم پرنٹ کر کے اسے چیک کے ساتھ بذریعہ ڈاک *NY 529 Direct Plan* کو بھیج سکتے ہیں۔

By Rollover (بذریعہ رول اوور): آپ دوسرے قسم کے اکاؤنٹ سے بھی اس اکاؤنٹ میں پیسے رول اوور کر سکتے ہیں۔ مزید معلومات کے لیے، NY 529 سے 877-NYSAVES (877-697-2837) پر رابطہ کریں یا ان کی ویب سائٹ nysaves.org ملاحظہ کریں۔

16. اپنا انتخاب کر لینے اور درخواست کردہ معلومات پُر کر دینے پر، **Continue (جاری رکھیں)** پر کلک کریں۔

- اکاؤنٹ کھولنے کے لیے آپ کو ڈپازٹ کرانا ضروری نہیں ہے۔ ڈپازٹ کرائے بغیر اپنا اکاؤنٹ کھولنے کے لیے، "Check" *(چیک کریں)* کا اختیار منتخب کریں اور **Continue *(جاری رکھیں)*** پر کلک کریں۔
- آپ جتنا کم یا زیادہ چاہیں اتنا ڈپازٹ کرا سکتے ہیں۔ اس میں کوئی اقل رقم نہیں ہے۔
- ہر اختیار پر کلک کرنے سے آپ کو فنڈنگ کا وہ ماخذ استعمال کرنے کے لیے آپ کو درکار معلومات مل جاتی ہیں۔

17. منتخب کریں کہ آیا آپ کسی مختلف استفادہ کنندہ، یا بچے کے لیے دوسرا 529 اکاؤنٹ کھولنا چاہتے ہیں۔

- اگر ہاں تو **Yes, Add Another Beneficiary *(ہاں، دوسرا استفادہ کنندہ شامل کریں)*** پر کلک کریں، مرحلہ 10 پر واپس جائیں اور نئے بچے کے لیے یہ کارروائی دوبارہ مکمل کریں۔
- اگر نہیں تو **No, Let's Finish Up *(نہیں، آئیے پورا کریں)*** پر کلک کریں اور مرحلہ 18 جاری رکھیں۔

18. اپنے اکاؤنٹ کے لیے ایک صارف نام بنائیں تاکہ آپ دوبارہ لاگ ان کر سکیں۔

19. تین سیکورٹی سوالات منتخب کریں اور جواب دیں۔ ایک سیکورٹی تصویر منتخب کریں اور اسے ایک نام دیں تاکہ آپ اسے آسانی سے یاد رکھیں۔ آپ کا کام ہو جانے پر، **Continue *(جاری رکھیں)*** پر کلک کریں۔

20. صحیح کا نشان پُر ہونا یقینی بناتے ہوئے اپنا Ugift کوڈ فعال کریں۔ پھر **Continue (جاری رکھیں)** کو دبائیں۔

- کالج کے لیے بچت کرنا دوستوں اور فیملی کی مدد سے آسان تر ہے!

21. منتخب کریں کہ آپ NY 529 سے اپنے اکاؤنٹ کے بارے میں معلومات کس طرح حاصل کرنا چاہتے ہیں اور الیکٹرانک ڈیلیوری کی معلومات کا جائزہ لیں۔ پھر **Continue *(جاری رکھیں)*** کو دبائیں۔

22. اپنی درخواست کا جائزہ لے کر اس کے درست ہونے کو یقینی بنائیں۔

- اپنی درج کردہ ساری معلومات کا جائزہ لیں۔ کوئی غلطی درست کریں۔
- تصدیق کریں کہ آپ کو افشاء سے متعلق کتابچہ موصول ہو گیا ہے۔ آپ کو چاہیے کہ یہ مواد پڑھ کر NY 529 *Direct Plan* میں کسی سرمایہ کاری کی خصوصیات اور خطرات کو پوری طرح سے سمجھ لیں۔

23. **Sign (دستخط کریں)** پر کلک کر کے تصدیق کریں کہ آپ نے افشاء سے متعلق کتابچہ کی شرائط کو پڑھ لیا ہے اور ان سے متفق ہیں اور اکاؤنٹ کھولنے کے لیے تیار ہیں۔

24. اب جبکہ آپ نے اپنا اکاؤنٹ کھول لیا ہے تو آپ کو اجازت کا ایک صفحہ نظر آنا چاہیے۔ **یہ وہاں ہوتا ہے جہاں آپ اپنا نیا NY 529 *Direct Plan* اکاؤنٹ اپنے بچے کے NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ سے مربوط کرتے ہیں۔** یہ آپ کے سیونگز ٹریکر پر دونوں اکاؤنٹ کا بیلنس (پیسے کی مقدار) دیکھنے کی سہولت دے گا۔

اس اجازت کے صفحے کا بغور جائزہ لیں اور جب آپ تیار ہوں تو **I Authorize (میں اجازت دیتا ہوں)** پر کلک کریں۔

25. اپنے بچے کے نام کے آگے چھوٹے دائرے پر کلک کریں اور **OK (اوکے)** پر کلک کریں۔

مبارک ہو، آپ نے اپنا NY 529 *Direct Plan* اکاؤنٹ کھول لیا اور اسے مربوط کر لیا ہے!

آپ کا نیا اکاؤنٹ 24 گھنٹے کے اندر آپ کے سیونگز ٹریکر میں "آپ کے کالج کے لیے بچت اکاؤنٹس" کے تحت ظاہر ہوگا۔

اگر آپ کا نیا اکاؤنٹ 48 گھنٹے کے اندر "آپ کے کالج کے لیے بچت اکاؤنٹ" کے تحت ظاہر نہیں ہوتا ہے تو براہ کرم NYC Kids RISE کی ہاٹ لائن کو **833-543-7473** پر کال کریں یا **info@nyckidsrise.org** پر ای میل کریں۔

اگر NY 529 *Direct Plan* کے اندراج کے عمل کے بارے میں آپ کے سوالات ہوں تو آپ NY 529 کو **877-NYSAVES (877-697-2837)** پر کال کر سکتے ہیں۔